**جب تک اربوں کھربوں کے اثاثے رکھنے والے جاگیردار، وڈیرے اور ٹیکس چوری کرنے والے بڑے بڑے امراء ٹیکس نہیں دیں گے اس وقت تک عوام کسی قسم کا فلڈ سرچارج یا جنرل سیلز ٹیکس ہرگز ہرگز ادا نہیں کریں گے۔ الطاف حسین**

**عوام کب تک ان لوگوں کے پیچھے بھاگتے رہیں گے جنہوں نے ملکی دولت لوٹ کر پاکستان کے جھنڈے پر بھیک کا پیالہ سجا دیا ہے**

**مہنگائی روز بروز بڑھتی جارہی ہے، چینی غائب ہے اور عوام کو تلقین کی جارہی ہے کہ وہ چینی استعمال کرنا چھوڑ دیں**

**کرپشن اور ملک کی دولت لوٹ کر ملک اور بیرون ملک جائیدادیں بنانے کے سلسلے کا توڑ صرف اور صرف ایم کیوایم ہے**

**آئندہ کسی بھی جانب سے میڈیا کے صحافیوں، اینکر پرسن یا صحافی برادری کے خلاف ظلم وزیادتی یا دھونس دھمکی کا کوئی عمل ہوا تو ایم کیوایم ایسے کسی ہتھکنڈے کو ہرگز برداشت نہیں کرے گی اور صحافی برادری کی حفاظت کیلئے آہنی دیوار بن جائیگی**

**جو لوگ صحافیوں پر انڈیا، اسرائیل یا امریکہ کا ایجنٹ ہونے کا الزام لگاتے ہیں وہ خود انڈیا، اسرائیل اور امریکہ کے ایجنٹ ہیں**

**کراچی میں قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں قائم کئے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں ایم کیوایم کے مختلف شعبوں کے ذمہ داروں، کارکنوں اور رضا کاروں سے خطاب**

**ملک بھر میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں جمع کرنے میں مصروف تمام کارکنوں، ذمہ داروں، منتخب نمائندوں، ماؤں، بہنوں اور بزرگوں کو زبردست خراج تحسین**

لندن۔۔۔17، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ اگر جاگیرداروں اور وڈیروں کی زرعی آمدنی پر ٹیکس وصول کیا جائے اور بڑے بڑے ٹیکس چوروں سے انکے مالی اثاثہ جات کے مطابق ٹیکس وصول کئے جائیں تو ملک کی معاشی حالت کی بہتری اور ترقی وخوشحالی کی خاطر غریب ومتوسط طبقہ کے عوام بھی جنرل سیلز ٹیکس اور فلڈ ٹیکس دینے کیلئے تیار ہوجائیں گے لیکن جب تک اربوں کھربوں کے اثاثے رکھنے والے جاگیردار، وڈیرے اور ٹیکس چوری کرنے والے بڑے بڑے امراء ٹیکس نہیں دیں گے اس وقت تک ملک کے عوام کسی قسم کا فلڈ سرچارج یا جنرل سیلز ٹیکس ہرگز ہرگز ادا نہیں کریں گے۔ انہوں نے یہ بات آج کراچی میں قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں قائم کئے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں ایم کیوایم کے مختلف شعبوں کے ذمہ داروں، کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ تنخواہ دار طبقہ اور ٹیکس دینے والے پر ہی مزید ٹیکس لگائے جائیں اور جاگیرداروں اور وڈیروں سے ٹیکس لگانے کے بجائے انہیں مراعات دی جائیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مہنگائی روز بروز بڑھتی جارہی ہے، چینی غائب ہے اور عوام کو تلقین کی جارہی ہے کہ وہ چینی استعمال کرنا چھوڑ دیں، کل عوام سے کہا جائے گا کہ وہ سانس لینا بھی چھوڑ دیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر شوگر مافیا سے انکے ملز چھین لئے جائیں اور ملک کی دولت لوٹ کر ملک اور بیرون ملک اپنی جائیدادیں بنانے والے اپنی دولت غریب عوام میں تقسیم کردیں تو عوام بھی چینی استعمال کرنا چھوڑ دیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے عوام کو اب سوچنا ہوگا کہ وہ کب تک ان لوگوں کے پیچھے بھاگتے رہیں گے جنہوں نے ملک کی دولت لوٹ کر پاکستان کے جھنڈے پر بھیک کا پیالہ سجا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان کے عوام متحد ہوجائیں اور بار بار آزمائی ہوئی جماعتوں کو چھوڑ کر اپنی صفوں سے قیادتیں نکالیں اور حق پرست تحریک کا ساتھ دیں تو ہم متحد ہوکر بھیک کا یہ کشکول توڑ دیں گے اور پھر دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو ڈکٹیشن نہیں دے سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں برسوں سے جاری کرپشن اور ملک کی دولت لوٹ کر ملک اور بیرون ملک جائیدادیں بنانے کے سلسلے کا اگر کوئی توڑ ہے تو وہ صرف اور صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے۔ انہوں نے پہلے ایم کیوایم کو صرف اردو بولنے والوں کی جماعت کہا جاتا تھا لیکن آج ایم کیوایم میں صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کی تمام قومیتیں اور تمام زبانیں بولنے والے عوام شامل ہیں، آج ایم کیوایم ایک مکمل قومی جماعت بن چکی ہے جو تمام غریب ومظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور ہمیں یقین ہے کہ عوام کی اس جدوجہد کے نتیجے میں ملک میں ایک دن غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب ضرور آئے گا۔ جناب الطاف حسین نے بعض عناصر کی جانب سے بعض اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا کے بعض اینکر پرسن اور صحافیوں کے اغواء، تشدد اور انہیں دھمکیاں دیے جانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ کسی بھی جانب سے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے صحافیوں، اینکر پرسن یا صحافی برادری کے خلاف ظلم وزیادتی یا دھونس دھمکی کا کوئی عمل ہوا تو ایم کیوایم آزادی صحافت پر دباؤ یا ظلم وجبر کے کسی ہتھکنڈے کو ہرگز برداشت نہیں کرے گی، ایم کیوایم صحافی برادری کا ساتھ دے گی اور میڈیا کی حفاظت کیلئے چٹان جیسی مضبوط دیوار بن جائے گی اور آزادیٔ صحافت کیلئے کسی بھی

قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ جناب الطاف حسین نے حق اورسچ کی خاطرڈٹ جانے والے الیکٹرانک وپرنٹ میڈیاسے تعلق رکھنے والے صحافیوں ،قلمکاروں، رپورٹرز،فوٹوگرافرزاورکیمرہ مینوں کوسلام تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہاکہ جولوگ حق اورسچ بولنے والے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیاکے صحافیوں پرانڈیا، اسرائیل یاامریکہ کاایجنٹ ہونے کاالزام لگاتے ہیں وہ خودانڈیا، اسرائیل اورامریکہ کے ایجنٹ ہیں۔انہوں نے چاروں صوبوں،آزادکشمیراورگلگت بلتستان سمیت ملک بھرمیں عیدالاضحیٰ کے موقع پرقربانی کی کھالیں جمع کرنے میں مصروف تمام یونٹوں،سیکٹروں،زونوں اورشعبہ جات کے کارکنوں، ذمہ داروں،منتخب نمائندوں، ماؤں، بہنوں اور بزرگوں کوزبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہاکہ آپ عیدکی خوشیاں چھوڑکرانسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں اس پرمیں آپ کوسیلوٹ پیش کرتاہوں۔

☆☆☆☆☆